

حج مبرور

HAJJ MABROUR

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع

# چند خوبصورت دعائیں


ینبع اسلامك سنٹر

اردو میں دینی مسائل کے لئے

شیخ فاروق حیدر

00966595229775

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

# ادائیگی قرض

# کے لیے

# ایک مسنون دعا

ینبع اسلامک سنٹر۔شعبہ اردو

# اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

ترجمہ:

اے اللہ!میں فکر اور غم سے ،عاجزی اور سستی سے ،بزدلی اور بخل سے اور قرض چڑھ جانے سے اور لوگوں کے غلبے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع

# پریشانی اور صدمے کے وقت کی چار مسنون دعائیں!

## پہلی دعاء:

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالی عنہا کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پریشانی کے وقت یہ دعا پڑھنے کی تلقین کی:

**اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا**

(سنن ابوداؤد)

ترجمہ: اللہ اللہ، میرا وہ رب ہے، میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔

## دوسری دعاء:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پریشانی کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے:

لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ، لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

(صحيح مسلم)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ عظمت والا اور بردبار ہے، اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ عرشِ عظیم کا رب ہے، اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ آسمانوں کا رب اور زمین کا رب اور عرشِ عظیم کا رب ہے۔

## تیسری دعاء:

حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پریشانی کے وقت یہ دعا پڑھنے کی تلقین کی:

**لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ،سُبْحَانَ اللّٰہِ وَتَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِ الْعٰالَمِیْنَ**

(مسنداحمد)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ بردبار اور کریم ہے، اللہ پاک ہے، اور بابرکت ہے وہ اللہ جو کہ عرشِ عظیم کا رب ہے، اور تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جو کہ تمام جہانوں کا رب ہے۔

## چوتھی دعاء:

حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پریشانی کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے:

**يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ**

(سنن ترمذی)

**ترجمہ:** اے زندہ! اے قیوم! میں تیری رحمت کے ساتھ مدد کا طلبگار ہوں۔

زیرِ نگرانی: شیخ فاروق حیدر
اردو میں دینی مسائل جاننے کیلئے رابطہ نمبر:
00966595229775
ینبع اسلامک سنٹر۔شعبہ اردو

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع

# یقینِ کامل اور پنجہء ظلم سے نجات پانے کے لیے

اللَّهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا يَحُولُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيكَ ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ، وَمِنَ الْيَقِينِ مَا تُهَوِّنُ بِهِ عَلَيْنَا مُصِيبَاتِ الدُّنْيَا، وَمَتِّعْنَا بِأَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا أَحْيَيْتَنَا،وَاجْعَلْهُ الوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلَى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِينِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا

(جامع ترمذی)

**ترجمہ:** اے اللہ کریم تو ہمیں اپنا ایسا خوف عطا فرما جو کہ
ہمارے اور تیری نافرمانی کے درمیان حائل ہو جائے
۔اور ایسی اطاعت عنایت فرما جو ہمیں تیری جنت میں
پہنچادے، اور ایسا یقین مرحمت فرما جس سے تو ہماری
دنیا کی مصیبتوں کو آسان کر دے، اور جب تک تو ہمیں
زندہ رکھے تو ہمارے کانوں آنکھوں اور قوتوں سے ہم کو
فائدہ پہنچا اور ان میں سے ہر ایک وصف کو ہمارا وارث
بنا، اور ہمارا انتقام ان سے ضرور لے جنہوں نے ہم پر
ظلم کیا۔ اور دشمنوں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما، اور
ہمارے دین میں مصیبت مت ڈال، اور دنیا کو ہمارے
بڑے غم کی چیز مت بنا اور نہ اس کو ہمارے علوم کا محور
بنا، اور نہ ایسے شخص کو ہم پر مسلط فرما جو ہم پر رحم نہ
کرے۔

ینبع اسلامک سنٹر۔شعبہ اردو

بِسْمِ ٱللهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع

# دشمن سے بچنے کی دعا

اللَّهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُورِهِمْ، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شُرُورِهِمْ

ترجمہ: اے اللہ! ہم تجھ کو ان کے سامنے کرتے ہیں اور تیرے ذریعے ان کی شرارتوں (برائیوں) سے پناہ مانگتے ہیں۔

ینبع اسلامک سنٹر۔شعبہ اردو


جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع
دعوة ينبع
چند
خوبصورت
قرآنی دعائیں
WWW.DAWATYANBU.ORG.SA

# فتح اور ثابت قدمی کی دعاء

**رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیَ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ**

(سورة آل عمران)

ترجمہ:

اے ہمارے رب!
ہمارے گناہ بخش دے اور جو ہمارے کام میں ہم سے زیادتی ہوئی ہے (اسے بخش دے)، اور ہمارے قدم ثابت رکھ اور کافروں کی قوم پر ہمیں مدد دے۔

# ظلم سے نجات کی دعاء

**رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ وَ نَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ**

(سورة يونس)

ترجمہ:

اے ہمارے رب!
ہمیں ظالم لوگوں کے لیے آزمائش نہ بنا۔ اور اپنی رحمت فرما کر ہمیں کافروں سے نجات دے۔

# امن واماں کے حصول اور شرک سے نجات کی دعاء

**رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّ اجْنُبْنِیْ وَ بَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَؕ**

(سورة ابراهيم)

ترجمہ:

اے میرے رب!
اس شہر کو امن والا بنادے اور مجھے اور
میرے بیٹوں کو بتوں کی عبادت کرنے سے
بچائے رکھ۔

# سمجھنے اور سمجھانے کی صلاحیت کے حصول کی دعاء

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي. وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي. وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِسَانِي. يَفْقَهُوا قَوْلِي.

(سورة طہ)

ترجمہ:

اے میرے رب!
میرے لیے میرا سینہ کھول دے۔ اور میرے لیے میرا کام آسان فرما دے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔ تاکہ وہ میری بات سمجھیں۔

## رحمت اور آسانی کی دعاء

# رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا

(سورة الكهف)

ترجمہ:

اے ہمارے رب!
ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا فرما اور
ہمارے لیے ہمارے کام میں آسانی فرما۔

ینبع اسلامک سنٹر۔شعبہ اردو


جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع
منتخب
قرآنی
دعائیں
WWW.DAWATYANBU.ORG.SA

## مصیبت اور آزمائش سے نجات کی دعاء

# لَّا إِلَٰهَ إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ

(سورة الآنبياء)

ترجمہ:

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے، بیشک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا۔

## لاوارثی اور کسمپرسی سے نجات کی دعاء

# رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْداً
# وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ

(سورة الآنبياء)

ترجمہ:

اے میرے رب!
مجھے تنہا نہ چھوڑنا اور تو سب
سے بہتر وارث ہے۔

## شیاطین اور جنات کے شر سے بچنے کی دعاء

# رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ ۔ وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن يَحْضُرُونِ

(سورة المؤمنون)

ترجمہ:

اے میرے رب! میں شیاطین کے بہکاووں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اور اے میرے رب! میں اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔

نیک اولاد مانگنے کی دعاء

# رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِينَ

(سورة الصافات)

ترجمہ:

اے میرے رب!
مجھے ایک نیک (لڑکا) عطا کر۔

حصولِ علم کی دعا

# رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

(سورۃ طہٰ)

ترجمہ:


اے میرے رب!
مجھے اور زیادہ علم دے۔

زیرِ نگرانی: شیخ فاروق حیدر
اردو میں دینی مسائل جاننے کیلئے رابطہ نمبر:
00966595229775

ینبع اسلامک سنٹر۔شعبہ اردو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع



# گھر اور رزق میں کشادگی کی دعا

WWW.DAWATYANBU.ORG.SA

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي، وَبَارِكْ لِي فِيمَا رَزَقْتَنِي

(سنن ترمذی، مسند احمد)

ترجمہ:


اے اللہ! میرے گناہ معاف فرما اور میرے گھر میں وسعت (وکشادگی) عطا فرما۔ اور جو تو نے مجھے رزق دیا ہے اس میں برکت فرما۔

ینبع اسلامک سنٹر۔شعبہ اردو

WWW.DAWATYANBU.ORG.SA

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع




WWW.DAWATYANBU.ORG.SA

اللهمّ أحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الأُمُورِ كُلِّهَا، وَأجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الآخِرَةِ

(مسند احمد)

ترجمہ:

اے اللہ! تمام معاملات میں ہمارا انجام اچھا فرمایئے اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچایئے۔

ینبع اسلامک سنٹر۔شعبہ اردو

WWW.DAWATYANBU.ORG.SA

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع

بسم الله الرحمن الرحيم

# قرض کی ادائیگی کروانے والی تین دعائیں

WWW.DAWATYANBU.ORG.SA

# پہلی دعاء

## اللهم اكْفِنِي بحلالك عن حرامك، وأَغْنِنِي بفضلك عَمَّنْ سِوَاكَ

(سنن ترمذی)

ترجمہ:

اے اللہ! اپنے حلال کے ساتھ اپنی حرام کردہ چیزوں سے میری کفایت فرمادیجیے اور اپنے سوا مجھے ہر شخص سے بے نیاز فرما دیجیے۔

# دوسری دعاء

اللَّهُمَّ رَبَّ السَّمَوَاتِ السَّبْعِ، وَرَبَّ
الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ،
مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ وَالْقُرآنِ فَالِقَ
الْحَبِّ وَالنَّوَى،أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ
أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، اللَّهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ
فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ
بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ
شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُونَكَ شَيْءٌ،
اقْضِ عَنَّى الدَّيْنَ وَأَغْنِنَى مِنَ الْفَقْرِ

(سنن ترمذی)

ترجمہ:

”اے اللہ! تو ساتوں آسمانوں کا رب، عرش عظیم کا رب، اے ہمارے رب! اور ہر چیز کے رب، توراۃ، انجیل اور قرآن کے نازل کرنے والے، زمین پھاڑ کر دانے اگانے اور اکھوے نکالنے والے، میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر چیز کے شر سے، جس کی پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے، تو پہلا ہے (شروع سے ہے) تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں ہے، تو سب سے آخر ہے تیرے بعد کوئی چیز نہیں، تو سب سے ظاہر (یعنی اوپر ہے)، تیرے اوپر کوئی چیز نہیں ہے، تو پوشیدہ ہے سب کی نظروں سے، لیکن تم سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے، اے اللہ! تو میرے اوپر سے قرض اتار دے، اور مجھے محتاجی سے نکال کر مالدار کر دے“۔

# تیسری دعاء

اللّٰــهُـمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ
وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ
وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْـرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
شَىْءٍ قَدِيْرٌ (26)
تُوْلِجُ اللَّيْلَ فِى النَّـهَارِ وَتُوْلِجُ النَّـهَارَ فِى اللَّيْلِ
وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ
الْحَيِّ وَتَـرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْـرِ حِسَابٍ (27)
(سورة آل عمران)

## ترجمہ:

اے اللہ، بادشاہی کے مالک! جسے تو چاہتا ہے
سلطنت دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے سلطنت
چھین لیتا ہے، جسے تو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے
تو چاہے ذلیل کرتا ہے، سب خوبی تیرے ہاتھ میں
ہے، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

تو رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات
میں داخل کرتا ہے، اور زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے
اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے، اور جسے تو چاہتا ہے
بے حساب رزق دیتا ہے۔

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع

بسم الله الرحمن الرحيم

# سفر کی دعاء



سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَـٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ، وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ. اللّهُمَّ إنّا نَسْأَلُكَ فِي سَفَرِنا هذا البِرَّ وَالتَّقْوى، وَمِنَ الْعَمَلِ ما تَرْضى، اللّهُمَّ هَوِّنْ عَلَينا سَفَرَنا هذا وَاطْوِ عَنّا بُعْدَه، اللّهُمَّ أَنْتَ الصّاحِبُ في السَّفَر، وَالْخَليفَةُ في الأهلِ، اللّهُمَّ إنّي أَعوذُبِكَ مِنْ وَعْثاءِ السَّفَر، وَكَآبَةِ الْمَنْظَر، وَسوءِ الْمُنْقَلَبِ في المالِ وَالأَهْلِ والوَلَد

(صحيح مسلم)

ترجمہ:

پاک ہے وہ اللہ، جس نے اس (سواری) کو ہمارے تابع کر دیا، جب کہ ہم اس کو قابو میں لانے والے نہیں تھے، اور ہمیں اپنے رب ہی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔ اے اللہ! بلاشبہ ہم اپنے اس سفر میں تجھ سے نیکی اور تقویٰ اور ایسے اعمال کا سوال کرتے ہیں، جن میں تیری رضا شامل ہو۔ اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے اس سفر کو آسان فرما دے اور ہمارے لیے اس سفر کی مسافت کو لپیٹ دے۔ اے اللہ! تو ہی رفیق سفر ہے اور تو ہی اہل و عیال میں نائب ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے سفر کی تکلیف و مشقت سے اور اذیت ناک منظر سے اور مال اور اہل میں ناکام لوٹنے کی برائی سے، تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

# درد اور تکلیف

# کو

# دُور کرنیوالی دو دعائیں

WWW.DAWATYANBU.ORG.SA

پہلی دعا

بِسْمِ اللهِ اَرْقِيْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ يُّؤْذِيْکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْکَ بِسْمِ اللهِ اَرْقِيْکَ

(مسند احمد،صحیح مسلم)

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ میں آپ کو دم کرتا ہوں ہر اس چیز سے جو آپ کو ایذا پہنچاتی ہے ہر نفس کی شرارت سے یا حسد کرنے والی آنکھ سے اللہ آپ کو شفا دے گا اللہ کے نام کے ساتھ میں آپ کو دم کرتا ہوں۔

## دوسری دعا

سیدنا عثمان بن ابی العاص ثقفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے ایک درد کی شکایت کی، جو ان کے بدن میں پیدا ہو گیا تھا جب سے وہ مسلمان ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھو اور تین بار **بسم اللہ** کہو، اس کے بعد سات بار یہ کہو:

**أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللَّهِ وَقُدْرَتِهِ مِن شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحاذِرُ**

(صحيح مسلم)

ترجمہ:

میں اللہ تعالیٰ کی عزت وقدرت کے ساتھ اس شر سے پناہ طلب کرتا ہوں جسے میں محسوس کررہاہوں اور جس سے ڈرتا ہوں۔


زیرِ نگرانی: شیخ فاروق حیدر
اردو میں دینی مسائل جاننے کیلئے رابطہ نمبر:
00966595229775

ینبع اسلامک سنٹر۔شعبہ اردو

WWW.DAWATYANBU.ORG.SA

جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة ينبع

بسم الله الرحمن الرحيم




WWW.DAWATYANBU.ORG.SA

## پہلی دعا

# أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لاَ إِلَهَ إِلاَّ هُوَ، الحَيُّ القَيُّومُ، وَأَتُوبُ إِلَيهِ

(سنن ابوداؤد)

ترجمہ:

میں اللہ تعالیٰ سے کہ جن کے سوا کوئی معبود نہیں (اور) ہمیشہ زندہ رہنے والے اور قائم رکھنے والے ہیں سے گناہوں کی معافی طلب کرتا ہوں اور ان کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

## دوسری دعا

# رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ اِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ

(سورۃ آل عمران)

ترجمہ:

اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کو اور ہمارے معاملے میں جو ہم سے زیادتیاں ہوئیں انہیں بخش دے ور ہمیں ثابت قدمی عطا فرما اور کافر قوم کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

# تیسری دعا

## (سید الآستغفار)

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ
خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی
عَهْدِکَ وَ وَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ
اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّمَا صَنَعْتُ
اَبُوْء لَکَ بِنَعْمَتِکَ عَلَیَّ
وَاَبُوْء لَکَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ
فَاِنَّہٗ لاَیَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلاَّ اَنْتَ۔

(سنن ابوداؤد)

ترجمہ:

یااللہ! آپ میرے پروردگار ہیں آپ کے سوا کوئی معبود نہیں آپ نے مجھے پیدا کیا۔ میں آپ کا بندہ ہوں اور میں اپنی استطاعت کی حد تک آپ سے کئے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں میں اپنے اعمال کے شر سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں آپ نے جو نعمتیں مجھ پر نازل فرمائیں ان کا آپ کے حضور اعتراف کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اقرار کرتا ہوں پس میری مغفرت فرمادیجئے کیونکہ آپ کے سوا کوئی گناہوں کی مغفرت نہیں کر سکتا۔